14/06/2026

12:30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

دورہPM

وزیر اعظم نریندر مودی فرانس اور سلوواکیہ کے چھ روزہ سرکاری دورے پر نیس پہنچ گئے ہیں جہاں بھارتی برادری کے افراد نے اُن کا شاندار استقبال کیا۔ وزیراعظم مودی نے ان سے پُرتپاک انداز میں ملاقات کی۔

کے ساتھ " بھارت Emmanuel Macron نریندر مو دی آج فرانس میں وہاں کے اپنے ہم منصب انوویٹس"کا افتتاح کریں گے۔

دورے کے دوران وہ کے صدر سے باہمی مفادات کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے اجلاس میں بھی شرکت کریں گے ۔G7 ۔وزیر اعظم 16 اور 17 جون کو فرانس میں

اِسرو

نارائن نے بتایا ہے کہ انہوننے ایک ایسا V خلائی تحقیقات کے بھارتی ادارے اِسروکے چیرمین جدید مصنوعی ہیٹنگ نظام تیار کرنے کےلئے ایٹمی توانائی کے محکمہ کے ساتھ اشتراک کیا ہے ، جو چاند کے سطح پر اُترنے والے خلائی جہاز کو چاند کے بے حد ٹھنڈے موسم سے محفوظ رکھ سکے۔

کنکیو سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہاکہ شمسی توانائی والے CSIR-RISEبنگلورو میں چندریان سوم مشن کا خلائی جہاز وِکرم چاند پر محض14دن ہی کام کر پایا لیکن اب اِسرو محکمہ جوہری توانائی کے ساتھ باہم ملکر ایک ایسا جہاز تیار کرے گا جو چاند کی سطح پر200دن تک کام کرنے کا اہل ہو گا۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہےکہ مہامنا پنڈت مدن موہن مالویہ نظریہ کے مطابق جمونو کشمیر میں خواتین کو با اختیار بنانے سماجی ہم آہنگی اور ترقی کے نئے راستے کھلیں ہیں۔

وہ کشمیر یونیورسٹی میں " مالویہ کے نظریے کی مناسبت سے وکست بھارت اور جموں کشمیر"کے موضوع پر منعقدہ ایک نشست میں خاص مہمان کی حیثیت سے خطاب کررہے تھے۔

منوج سنہا

سرینگر میں گلوبل کشمیر ی پنڈت کنکلیو سے خطاب کر تے SKICC اس سے قبل منوج سنہا نے ہوئے کشمیری پنڈت برادری سے کہا ہے کہ وہ جموں کشمیر میں صنعتی ، تعلیمی اور ثقافتی ادارے قائم کریں تاکہ ان کی بے مثال ثقافت اور تاریخ محفوظ ہو سکے ۔

ایل جی نے یہاں سے بے دخل کئے گئے لوگوں کی واپسی کو نہ صرف خوش آئندہ قرار دیا بلکہ اس سے ایک فتح سے بھی تعبیر کیا۔

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے برگریڈیئر راجندر سنگھ کو ان کی جنم جینتی پر شاندار خراج ادا کیا ہے، جنہوننے1947میں پاکستانی در اندازوں کے ساتھ لڑتے ہوئے اپنی جان دی تھی۔

ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ انکی بے مثال بہادری اور قُربانی کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔

جا وید ڈار

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کہا ہے کہ آبپاشی زراعت کے لئے ریڈ ھ کی ہڈی ہے۔ انہوننے موثر اور بروقت پانی فراہمی کو یقین بنانے پر زور دیا۔

وزیر موصوف نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ پانی کے منصفانہ تقسیم کو یقینی بنائیں تاکہ کاشت کے موسم میں کوئی بھی کسان مشکلات کا سامنا نہ کرے۔

وزیر رفیع آباد بارہمولہ کے مختلف علاقوں کے دورے کے دوران آبپاشی کے بنیادی ڈھانچے کے کام کا جائزہ لے رہے تھے۔

جا وید رانا

جل شکتی کے وزیر جا ویداحمد رانا نے زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی اور بارشوں کے متوقع رجحانات پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے تمام نئی تعمیر ہونے والی سرکاری عمارتوں میں بارش کا پانی جمع کرنے کا بنیادی ڈھانچہ لازمی طور پر نصب کرانے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

وزیر موصوف نے پانی کے انتظام کے طریقوں میں تبدیلی اور اس حکم نامے پر عمل در آمد کرنے کی تاکید کی ہے۔

وہ جموں میں جل شکتی محکمے کے افسران کے ساتھ گرمی کے موسم کی ضروریات سے نمٹنے کےلئے شروع کئے گئے اقدامات کا جائزہ لے رہے تھے۔

اعجاز اسد

سیکریٹری دیہی ترقی و پنچایتی راج محمد اعجاز اسد نے بتایا کہ سالانہ امرنا تھ جی یاترا کے سلسلے میں صفائی انتظامات کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ انہوننے کہا کہ ننون سے پنجترنی کے اہم مقامات پر3ہزار120سینٹیشن پوائنٹس نصب کئے گئے ہیں، جن میں2ہزار755 ٹائلٹ پوائنٹس اور365غسل خانے شامل ہیں۔

وہ سالانہ امر نا تھ جی یاترا کے سلسلے میں حفظان صحت کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لے رہے تھے۔ انہوننے متعلقہ ایجنسیوں کو تیزی لانے کی ہدایت دیتے ہوئے کام کو مقررہ وقت سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

Census

چیف پرنسپل سنسس افسر و ڈائر ایکٹرسنسس آپریشنز جمونوکشمیر اورلداخ امیت شرما نے ڈیٹا جمع کرنے کے دوران درستگی کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

انہوں نے Enumerators اور سپروائزرس کو ہدایت دی کہ ہر اندراج صحیح طور پر ریکارڈ اور مکمل طور پر تصدیق کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ معمولی غلطیاں مردم شماری کے ڈیٹا کے معیار اور مستقبل کی پالیسی سازی کو بری طرح متاثر کر سکتی ہیں۔

وہ دیگر افسران کے ہمراہ منی سیکریٹریٹ گاندربل میں مردم شماری 2027 کے تحت ضلع میں جاری ہاوس لسٹنگ آپریشنز کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

DCبڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے نوگام ریلوے اسٹیشن کا دورہ کر کے یہاں شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں یاتریوں کی سہولت کے لئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

دورے کے دوران انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ تمام ضروری انتظامات وقت سے پہلے مکمل کریں۔انہوں ریلوے اسٹیشن پر یاتریوں کےلئے قائم کئے گئے قیام گاہ اور دیگر سہولیات کا بھی معائنہ کیا۔

عالمی دن

آج خون کے عطیے کا عالمی دن ہے ۔ اس سلسلے میں آج وادی میں بھی متعدد رضاکار اور صحت تنظیموں کی جانب سے بلڈ ڈونیشن کیمپوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

آج کے دن لوگوں کو انسانی بقاءکےلئے خون کا عطیہ دینے کےلئے راغب کیا جاتا ہے اور دوسری طرف اُن لاکھوں رضاکاروں کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے ، جو بنا کسی معاوضے کے دوسروں کےلئے خون کا عطیہ دیتے ہیں۔

ادھر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ورلڈ بلڈ ڈونر ڈے کے موقعے پر خون عطیہ کرنے والے پورے ملک کے تمام رضاکاروں کا شکریہ اداکیا ہے جن کی بے لوث خدمت کی وجہ سے قیمتی انسانی جانیں بچ جا تے ہیں۔

ایک سو شل میدیا پوسٹ میں انہوننے کہا کہ ہر شہری سے اپیل کر تا ہوں کہ وہ خون کا عطیہ کریں۔

نشہ مکت ابھیان

جا ری نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے ایک حصے کے طور پر محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ کی کلچرل یونٹ کشمیر نے گورنمنٹ ہائی سکول چھتہ بل میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا، جس میں طلباءکو منشیات کے مضر اثرات سے آگاہ کیا۔ اس موقعے پر DIPR کے کلچرل یونٹ کے فنکاروں نے ایک مختصر ڈرامہ پیش کیا۔

ا دھر ضلع بانڈی پورہ کے سرکاری ڈگری کالجوں میں ہفتے کو منشیات کے استعمال کے خلاف بیداری کے کئی پروگرام منعقد کئے گئے جن میں طلباءاور عملے کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

..........................................

.....................

...........